| غوث الاعظم کے در پر<br>بغداد مبارک میں جاکر<br>دے بوسہ مبارک قدموں پر<br>وہ معشوق ربا کو دیکھا کر<br>میں اپنی مرادیں روضہ پہ<br>ہے حاجت دل روشن تم پر<br>ہو آپ کی مجھکو دید حضور<br>ہو آپ کا مجھکو عشق حضور<br>ہو عین تجلی نور حضور | سر کے بل پہونچوں جاکر<br>سر اپنا رکھوں گا قدموں پر<br>جان اپنی فدا کر قدموں پر<br>وہ محبوب رب کو دیکھا کر<br>میں عرض کروں غوث اکبر<br>ہے مطلب دل روشن تم پر<br>ہو آپ کا مجھکو قرب حضور<br>دل نور تجلی سے معمور<br>مقصد سے میرا دامن ہو پُر | وہ روضہ مبارک کے اوپر<br>جان اپنی فدا کر روضہ پر<br>جان تن من اپنا صدقہ کر<br>وہ روضہ مبارک کے اوپر<br>کل مقصد دل غوث اکبر<br>کل میری مرادیں دیجے حضور<br>ہو آپ کا مجھکو وصل حضور<br>کچھ اپنے پرتو ڈالو حضور<br>مقبول دعا میری ہو حضور | چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی |
| | ہے خستہ زین الدین حضور<br>کل تن من صدقہ تم پہ حضور | کل دیجے مرادیں میرے حضور<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی | |
| اجمیر طرف یارب جاکر<br>وہ قدم مبارک پر اپنا<br>وہ نقشہ مبارک روضہ کا<br>ای نور خدا محبوب خدا<br>ای خواجہ معین جزو کل<br>ای آل نبیؐ اولاد علیؓ<br>حل مشکل میری آسان ہو<br>مئے عشق محبت کا پلوا<br>الفت میں تمہارے دل ہوشیار | میں سر کے بل پہونچوں جاکر<br>سر رکھکے ادب سے لوں بوسہ<br>آنکھ میں ہو دلمیں جلوہ تیرا<br>معشوق خدا ای صل علے<br>ای ہند کے والی عطائے رسولؐ<br>ای فاطمہؓ حسنینؓ کے جانی<br>کل حاجت دلکی پوری ہو<br>مئے جام محبت کا پلوا<br>میرا خانۂ دل روشن آباد | وہ روضہ مقدس خواجہ پر<br>تعظیم ادب سے روضہ پر<br>وہ تربت اطہر روضہ پر<br>ای صل علے ہو روضہ پر<br>ہے جان نبیؐ کے روضہ پر<br>بلہار تمہارے روضہ پر<br>مقبول دعا ہو روضہ پر<br>کر جان تصدق روضہ پر<br>ہوں صدقہ تمہارے روضہ پر | چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی |
| | آپ کا خستہ زین الدین<br>سر اپنا فدا کر روضہ پر | قدموں پہ فدا ہے زین الدین<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی | |
| یا حضرت خواجہ نظام الدین<br>میں دہلی مبارک میں جاکر | محبوب الٰہی نظام الدین<br>محبوب الٰہی کے در پر | درگاہ مقدس میں آکر<br>وہ روضۂ مقدس میں جاکر | چادر میں چڑھاؤں پھولونکی<br>چادر میں چڑھاؤں پھولونکی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| دہلیز مبارک پر ہو سر<br>سلطان مشائخ سے بولون<br>مین مطلب دل سب عرض کرون<br>یہ دل تمنا ہے میری<br>ہے گنج الٰہی ذات خفی<br>محبوب الٰہی کا عاشق<br>گنج شکر کا صدقہ دلا | محبوب کے قدمون پر ہو سر<br>فرزند رسالت سے بولون<br>محبوب الٰہی سے بولون<br>محبوب خدا رب باری<br>محبوب الٰہی گنج خفی<br>مقبول الٰہی کا عاشق<br>اور اپنے در کا صدقہ دلا | تعظیم و ادب سے روضہ پر<br>مین مانگون مرادین روضہ پر<br>مقبول دعا ہو روضہ پر<br>دل روضہ مقدس ہو انور<br>دل آئینہ روضہ تربت پر<br>دل معشوق یزدان روضہ پر<br>یہ سائل ہے روضہ پر | چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی |
| | خستہ جگر ہے زین الدین<br>تن من صدقہ روضہ پر | دیجے مرادین نظام الدین<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی | |
| حافظ حافظ خیر آبادی<br>سر کے بل پہونچون آکر<br>مین اپنے مرشد حافظ کے<br>ہے جان تصدق حضرت پر<br>یہ خانۂ دل روشن کیجے<br>ہین حافظ کے ہون در کا گدا | پیر ہمارے یا حافظ<br>ہین خیر آباد شریف آکر<br>قدمون پہ رکھون گا سر اپنا<br>کل جسم و جان صدقہ تم پر<br>کل دل کی مرادین بھر دیجے<br>ہین نام مبارک پر ہون فدا | مرشد اکبر روضہ پر<br>دیکھو مبارک روضہ پر<br>تعظیم و ادب سے روضہ پر<br>کل مقصد دل ہے روضہ پر<br>ہو وصل حضوری روضہ پر<br>کر جان تصدق روضہ پر | چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی |
| | ہے عاجز و خستہ زین الدین<br>تن من صدقہ کر روضہ پر | حافظ کا گدا ہے زین الدین<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی | |
| حضرت خواجہ حبیب علی<br>پیر نظامی حبیب علی<br>جان تصدق حضرت پر<br>عشق تمہارا یا حضرت<br>دل کی مرادین دیجے میری<br>آنکھو نمین آؤ دلمین سماؤ | مرشد ہمارے حبیب علی<br>چشتی نظامی حبیب علی<br>ایمان تصدق حضرت پر<br>دل مین محبت یا حضرت<br>حاجت روائی کیجے میری<br>نور تجلی جلوہ نما ہو | درگاہ مبارک روضہ پر<br>محبوب خدا کے روضہ پر<br>معشوق خدا کے روضہ پر<br>آنکھو نمین صورت روضہ پر<br>نور خدا کے روضہ پر<br>شان خدا کے روضہ پر | چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی |
| | آپ کے در کا خستہ غریب<br>جان تصدق روضہ پر | عاجز زین الدین یا حبیب<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی | |
| یا میرے مرشد صوفی صاحب<br>ای نور خدا کے راہ نما | چشتی نظامی صوفی صاحب<br>یا پیر ہمارے راہ نما | محبوب خدا کے روضہ پر<br>دل جان فدا کر روضہ پر | چادر مین چڑہاؤن پھولونکی<br>چادر مین چڑہاؤن پھولونکی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ای رونق چہرۂ کون ومکان | ہے پرتو عالم دونوں جہان | دل نور تجلی روضہ پر | چادر میں چڑھاؤن پھولونکی |
| امید ہے میرے دلمیں بھری | آنکھومنیں تمہاری دید بسی | رہتا ہے تصور روضہ پر | چادر میں چڑھاؤن پھولونکی |
| ای معشوق جانان جان جہان | ہے عشق تمہارا جان جہان | وہ نور خدا کے روضہ پر | چادر میں چڑھاؤن پھولونکی |
| قدمونپہ تمہارے رکھا ہون سر | ہے جان تصدق قدمونپر | جان صدقہ ہے میرا روضہ پر | چادر میں چڑھاؤن پھولونکی |
| | ہو آپ میرے میں آپکا ہون | پیر و مرشد میرے میں آپکا ہون | |
| | زین الدین صدقے روضہ پر | چادر میں چڑھاؤن پھولونکی | |

| | |
|---|---|
| ازل سے حق بنایا مجھکو عاشق آپ کا صوفی | بنایا حق نے مجھکو چشتی فخری حافظی صوفی |
| مجھے حق نے بنایا خواجگان چشت کا عاشق | تصدق جان ودل میرا میں پیر ہون فدا صوفی |
| نماز عاشقانہ کہتے ہیں اُس کو یار سے ملنا | تصدق جان فدا ہو نپر میری ہے سجدہ گاہ صوفی |
| تصور میں تمہارے رات دن رہتا ہون باحضور | میرے دلمیں تمہارا نقشہ صورت خیال رخ صوفی |
| رُخ روشن دکھا مجھکو تجلی نور وحدت کی | میرے دل کو کرو روشن تجلی نور حق صوفی |
| مٹا ہستی فنا کیجے تمہاری ذات میں واصل | بقا منظور ہو میری تمہاری ذات میں صوفی |
| تمہاری دید ہے آنکھومنیں دلمیں صورت انور | تجلی فیض ربانی رُخ روشن تیرا صوفی |
| خدا کی شان ہے ہر آن برقی نور کی چمکی | ہے دیدار الٰہی چہرۂ انور رُخ صوفی |
| وہی ہے عاشق صادق وہی ہے عارف کامل | پہچانے پیر کو اپنے وہی ہے وصل حق صوفی |

میں عاشق ذات میں فانی ہون اپنے پیر صوفی کے
مٹا کر ہستی اپنی گم زین الدین وہی صوفی

| | |
|---|---|
| خدایا دے مجھے الفت ہمارے پیر صوفی کی | محبت دے میرے دل کو ہمارے پیر صوفی کی |
| مٹا دے عشق میں مجھکو جناب پیر صوفی کی | فنا کر ذات میں مجھکو جناب پیر صوفی کی |
| جسم میں جان تن من میں ہے اُنکے آنکھ کی تاثیر | لگی ہے عشق کی آتش جسم میں جان صوفی کی |
| ہے روح پروانہ شمع رخ پہ حضرت کے ہے دیوانہ | تڑپتی جان فرقت میں جناب پیر صوفی کی |
| نبیؐ کے ہے قدم پر اولیاء اللہ کے سارے | قدم پہ جان ودل سے ہون فدا میں پیر صوفی کی |
| میرا مذہب میری ملت میرا ہے دین اور ایمان | میرا کعبہ میرا قبلہ میرا ہے سجدہ گاہ صوفی |
| جدھر وہ رخ کرے اپنا اُدھر ہے سجدہ گاہ ٹھہرا | قیام جس جا کرے ہے اپنا کعبہ قبلہ گاہ صوفی |
| خدا کا نور جلوہ گر ہے ذات پاک احمدؐ میں | کھڑے ہو جا کے کعبہ میں کرو نظارہ دید صوفی کی |
| مدینے کی طرف ہے رُخ کعبے کی سدا یارو | مدینہ کل کا ہے کعبہ تصور دید محمدؐ کی |
| خدایا عشق دے مجھکو محبت پیر صوفی کی | ہے زین الدین خستہ جان کو امداد صوفی کی |

تمہاری مہربانی رب کا ہے احسان یا صوفی
خیالی ہوں تصور میں تمہارے روز و شب حضرت
نظر میں دوسرا ہرگز نہیں ہے ماسوا تیرے
زمین و آسمان جز و کل میں نور واحد ہے
مدد حق کی سدا پہنچے تمہارے عشق میں ہو گم

عنایت ہے شفقت آپ کی ہر آن یا صوفی
محو ہوں دید میں مٹ کر فنا ہوں تجھمیں یا صوفی
گرا ہے غیر نظروں سے سمایا جلوہ حق صوفی
جسم میں جان دل روح میں سمایا نور حق صوفی
مٹے ہستی دوئی گم ہو گئی ذات بقا صوفی

رہوں مدہوش ای ساقی تمہارے ذاتمیں فانی
نشان سے بے نشان ہے وہم زین الدین حق صوفی

ترحم کرو مجھپہ یا پیر صوفی
خدا کے سوا غیر کو میں نہ دیکھوں

حمایت کرو میری یا پیر صوفی
سماؤ میری دلمیں یا پیر صوفی
ہے زین الدین خستہ سگ در تمہارا

عنایت ہو مجھکو ہمیشہ تمہاری
ہو آنکھوں میں صورت ہمیشہ تمہاری
کرم کی نظر کیجے یا پیر صوفی

کرو میری امداد یا پیر صوفی
بنے دلمیں تصویر یا پیر صوفی

جدھر میں دیکھوں اُدھر نظر میں میرا جو پیارا تو ہی تو ہی ہے
وہی زمین پر وہی فلک پر وہی ہے ہر چار سمت ایدل
وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے ظاہر وہی ہے باطن
وہی بشر ہے بشکل آدم کرایا سجدہ جو سب ملک سے
وہی ہے اللہ وہی محمدؐ وہی ہے جملہ نبی ولی سب
وہی ہے بوبکرؓ و عمرؓ فاروق وہی ہے عثمانؓ علیؓ و حیدر
وہی ہے جیلانی غوث الاعظمؓ وہی ہے خواجہ معین اجمیر
وہی ہے خواجہ سلیمان فخری وہی تو نور محمدی ہے
وہی ہے مجھ میں وہ یار جانی اُسی سے میری ہے زندگانی
وہی ہے آنکھوں میں جی میں دلمیں وہی ہے روح جسم جان بدنمیں
محو ہوں ہستی مٹا کے اپنی دوئی خودی گم ہوئی ہے حقمیں

سما گیا ہے دل و جگر میں میرا جو پیارا تو ہی تو ہی ہے
اُسی کا جلوہ ہے بحر و بر میں میرا جو پیارا وہی وہی ہے
ہے شش جہت میں اُسی کا جلوہ میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے ساجد وہی ہے مسجود میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے غوث و قطب ولی سب میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے حسنینؓ جملہ اصحابؓ میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے قادر وہی ہے چشتی میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے حافظ حبیب صوفی میرا جو پیارا وہی وہی ہے
وہی ہے جسم میں ہے جان تن من میرا جو پیارا وہی وہی ہے
محیط مجھ میں ہے یار میں ہوں میرا جو پیارا وہی وہی ہے
نشان سے اب بے نشان ہے ہر سو میرا جو پیارا وہی وہی ہے

تھا جو گنج مخفی میں مخفی ہوا ہے ظاہر وہ جز و کل میں
ہے زین الدین بے نشان ہے بر میں میرا جو پیارا وہی وہی ہے

میرے دلکی مطلب میری مدعا ہے
خدایا ملے مجھکو فیضان نعمت
ملے مجھکو صدقہ بیت سلیمان ولی کا
کرم کی نظر ہو عنایت ہو مجھکو

محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے
زین الدین کو دائم ہو قرب حضوری

میرے دلکی مقصد میری التجا ہے
دلاؤ مجھے انکے درگاہ کی بھیک
ہو الفت محبت میرے دلکو یارب
مرادیں میرے دلکی حاصل ہو یارب
محمد علی سے حبیب علی سے

محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے
محمد علی سے حبیب علی سے

وہی ہے حاضر وہی ہے ناظر وہی ہے غائب وہی ہے ظاہر
وہی ہے کل میں محیط ہر سو ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے ارض و سما میں نورِ ظہورِ مطلق ہے جزو کل میں
دوئی ہوئی گم ہے عین دریا ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے ذرّہ وہی ہے قطرہ وہی ہے خورشید وہی ہے دریا
ہے نیست عالم وہ نور خالص ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

تھا وہ گنجِ خفی میں باطن کیا ہے حق نے ہے کن سے ظاہر
ہوا ہے اپنے سے آپ ظاہر ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

ہوا ہے اپنا وہ آپ عاشق کیا ہے خود اپنے پر تجلی
ہوا ہے وحدت وہ نورِ احمدؐ ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

ہے دونوں عالم اُسی کا پرتو ظہورِ نورِ محمدی ہے
وہی ہے معشوق وہی ہے محبوب ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے آدم وہی ہے حوّا وہی ہے سارا خلیل پیارا
وہی زلیخا ہے حسنِ یوسف ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے گل میں وہی ثمر میں وہی ہے شاخ و شجر حجر میں
وہی چمن میں پھولا ہے ہر سو ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے دیر و حرم میں موجود ہے خود ہندو ہے خود مومن
ہے خود وہ رند ہے خود صوفی ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے کل کا وہ ربِّ باری ہے دو جہان سب اُسیکی ساری
اُسی کی خوشبو ہر رنگا رنگمیں ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے شکلِ عرب میں ظاہر وہی ہے خاتم نبی محمدؐ
گیا ہے غارِ حرا میں ظاہر ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی عرش پر ہوا ہے معراج وہی زمین پر اُسیکا ہے راج
وہی ہے عاشق وہی ہے معشوق ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے توریت زبور انجیل صحیفہ قرآن ہے اُسکا فرمان
وہی ہے اُمّ الکتاب مجھ میں ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی سلیمان تو سوی ہے وہی تو نورِ محمدیؐ ہے
وہی ہے حافظ حبیب صوفی ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے قادر وہی ہے چشتی وہی ہے فخری نظامی صوفی
وہی ہے خواجہ معین اجمیر ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

نہیں ہے غیر خدا سوا کچھ اُٹھا دے دل سے دوئی کا پردہ
اُسیکا ہے نور دو جہان کل ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی ہے جان و جسم میں روح وہ نفخت فیہ ہے نحن اقرب
ہے زین الدین ذات حق میں فانی ہمارا وہ دلبر وہی وہی ہے

وہی شریعت وہی طریقت وہی حقیقت و معرفت ہے
وہی ہے اسرار احدیت وہ ہے نورِ بیحد وہی وہی ہے

وہی ہے ناسوت وہی ہے ملکوت وہی ہے جبروت وہی ہے لاہوت
وہی ہے شاہد وہی ہے مشہود نورِ وحدت وہی وہی ہے

گیا ہے اپنے سے آپ پہلے تجلّی نورِ ظہورِ وحدت
ہوا ہے کثرت میں آپ ظاہر اُسیکا جلوہ وہی وہی ہے

وہی زمین میں وہی فلک میں ہے جزو کل میں نظر میں ہر سو
ہے بحر و بر میں شجر حجر میں جسم میں جان میں وہی وہی ہے

ہمارا ہے وہ یار ہمارے بر میں اُسیکا ہوں میں وہی ہے ہمارا
وہ مجھکو دیکھے ہے میں اُسکو دیکھوں اُسیکا تن من وہی وہی ہے

اُٹھا دے پردے کو مین و تو کے ہو بیحجاب بلا تعین
ہے بیحجاب اُسکی ذات بیچون کہاں کا پردہ وہی وہی ہے

مٹا دے دل سے دوئی کا پردہ سمجھ نہ خلق کے سوا کسی کو
ہے زین الدین آپ ہی ہے قطرہ و عین دریا وہی وہی ہے

شریعت میں وہ بندہ ہے طریقت میں وہ مولا ہے
حقیقت میں وہی حق ہے نشان سے بے نشان رب ہے

ہوا ہے غیب سے آکر شہادت میں ہوا ظاہر
ہوا وحدت سے کثرت میں ہے ظاہر بے نشان رب ہے

ہوا ہے شکل و صورت سے ہے ظاہر آکے کثرت میں
لباس مختلف پہنا ہے ظاہر بے نشان رب ہے

لیا ہے نور احد نے وہ برقعہ میم محمدؐ کا
احد سے بنکے احمدؐ دو جہان کا بے نشان رب ہے

نہ ذرہ ہے نہ قطرہ ہے نہ نقشہ عین دریا ہے
ہے خالص نور واحد دو جہان کل بے نشان رب ہے

ہے عالم نور کے دریا میں مثل ماہییان دریا
دو عالم میں محیط ہے نور واحد بے نشان رب ہے

وہی ہے نور واحد لاشریک وہ ذات بیچون ہے
دو عالم نور سے کل ہے وہی ہے بے نشان رب ہے

ہوا ہے صورت آدم میں جلوہ گر وہ ناہرو
رگ گردن سے نزدیک ہو بہو ہے بے نشان رب ہے

کہا فی انفسکم جان میں ہوں خانۂ دل میں
لباس وہ چار عنصر کا ہے ظاہر بے نشان رب ہے

ہے اپنا آپ زین الدین حقیقت میں وہی حق ہے
نہیں غیر خدا کوئی نشان سے بے نشان رب ہے

ہمارے تنکے نگر میں یارب تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے
جسم میں جان میں میری بدنمیں تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

ہے خانۂ دل میں تیرا جلوہ جگر میں دل میں سمار ہا ہے
ہے تن کی سراپا محیط دل میں تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

تو ہی ہے کعبہ تو ہی قبلہ تو ہی ہے ساجد تو ہی ہے مسجود
تیرا ہی سجدہ تجھے روا ہے تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

ہمارے سر میں ہے تیرا سودا تو ہی ہے انسان خاص مولا
تیرا ہی مظہر ہے خاص انسان تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

نفخت فیہ روحی سنایا ہوا ہے ظاہر تو ہی ہے انسان
خلیفہ آدم ہے خانۂ دل تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

ہے نحن اقرب تو ہی ہے مجھ میں نہیں ہے کوئی سوائے تیری
تو یار میرا ہے یار میرے دلمیں تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

میرے ہے رگ رگ میں موئے تن میں ہے میرے ہر تار تو بدنمیں
تو ہی ہے آنکھوں کی پتلیوں میں تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

تو ہی ہے شعر و سخن میں میرے تو ہی ہے آواز میری ہر سو
تیرا ہے جلوہ تجلی وحدت تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

نہیں ہے غیر خدا سوا کچھ ہے دو جہان کل اسی کا مظہر
ہے زین الدین خاص وہی جسم دل تیرا امکان ہے تو ہی مکین ہے

خدایا ہو الفت حبیب علی کی
ہو دل کو محبت حبیب علی کی

ہو امداد مجھکو حمایت ہو مجھکو
عنایت ہو مجھپر حبیب علی کی

تصدق سے حافظ محمد علی کے
حفاظت ہے مجھپر حبیب علی کی

زین الدین کو یارب دے نعمت ہمیشہ
محمد علی کی حبیب علی کی

رہی دلمیں آنکھو نمیں صورت مبارک
میری پیر و مرشد حبیب علی کی

کرم ہو ہمیشہ میرے حال اوپر
شفقت ہو مجھپر حبیب علی کی

ہمیشہ حفاظت رہے مجھپہ دائم
محمد علی کی حبیب علی کی

آپ ہی آپ رہے مین نہیں آپ آپ ہی رہے
مین ہوا گم آپ ہی رہے جسم مثال چھانپ رہے

دید میں ہو محو فنا اپنی خودی کر دے فنا
آپ ہی آپ آپ رہے جسم کمثال چھانپ رہے

دل کی قندیل میں ہے وہ نور الٰہی کا ظہور
جسم میں ہے جلوہ نما جسم کمثال چھانپ رہے

صورتِ آدم میں ہے نورِ جزو کل کا ہے وہ ظہور
عکس آئینہ میں وہی جسم مثال چھانپ رہے

پرتو وہ قندیل ہے دل جسم میں ہے نورِ ظہور
عرش سے ہے فرش تلک جسم مثال چھانپ رہے

آپ تھے اور میں تھا میں ہوا گم آپ رہے
زین الدین سالک رہے جسم مثال چھانپ رہے

رُخِ محمد خدا کی صورت ظہور نورِ محمدی ہے
اُسی کا جلوہ ہے دونوں عالم ظہور نورِ محمدی ہے

وہ غیب الوہیت میں تھا جو مخفی نہ تھا نشانا نہ کچھ پتہ تھا
وہ گنج مخفی ہوا ہے ظاہر ظہور نورِ محمدی ہے

وہ احدیت سے ہوا ہے وحدت ہوا ہے کثرت میں آپ ظاہر
بجایا دینِ نبیؐ کا ڈنکہ ظہور نورِ محمدی ہے

وہی چمن میں پھولا پھلا ہے اُسی کا جلوہ چمک رہا ہے
وہی ہے ہر جا اُسی کا چرچا ظہور نورِ محمدی ہے

اُسی کا مظہر ہے دو جہان کل ہے دونوں عالم اُسیکی صورت
وہی ہے اپنا وہ آپ ظاہر ظہور نورِ محمدی ہے

رکھا ہے برزخ میں میم پردہ احد سے احمدؐ ہوا ہویدا
عجب تماشہ اُسی کا چرچا ظہور نورِ محمدی ہے

وہی ہے عاشق وہی ہے معشوق وہی محمدؐ وہی خدا ہے
ہے زین الدین آپ اپنا مقصد ظہور نورِ محمدی ہے

مرشد کی دید ہے دیدارِ الٰہی
مرشد ہے وحدت ظہورِ الٰہی
جو مرشد کو دیکھا خدا کو وہ دیکھا
ہی تحقیق حضوری دیدارِ الٰہی

ہی آئینہ رب کا حضوری ہی ہر دم
دیدارِ محمدؐ دیدارِ الٰہی
فنا اور بقا کی تجلی ہے ہر دم
ہی شانِ خدائی دیدارِ الٰہی

ہی آئینہ روشن خدائی ہی ساری
ہے مرشد کی صورت دیدارِ الٰہی
یہی اصل ایمان یہی اصل ایمان
ہے دیدارِ مرشد دیدارِ الٰہی

زین الدین کو یا رب دے عشق محبت
ہو دیدارِ صوفی دیدارِ الٰہی

رُخِ دلدار دلبر کی ہوس ہے
وہ مظہرِ شانِ حق رب کی ہوس ہے
حقیقت حق خدائی جلوہ گر ہے
وہ مرشد پیر صوفی کی ہوس ہے

ہے عالم جسکی پرتو سے منوّر
ظہورِ مصطفےٰ حق کی ہوس ہے
ہے گوہر سلک دندانِ مبارک
لبِ کوثر طہورا کی ہوس ہے

وہی ہے یار جانی جانِ جاناں
وہ مرشد پیر کامل کی ہوس ہے
تجلی مظہرِ نورِ خدا ہے
وہ مرشد شانِ صوفی کی ہوس ہے

تمہارے عشق میں یہ جان نکلے
یہی ارمان ہی دل میں ہوس ہے
درِ اقدس پہ سر دہلیز پہ ہو
قدمبوسی کروں سجدہ ہوس ہے

ہی خستہ جان زین الدین تیری
تجھی میں ہے تجھے جسکی ہوس ہے

حضوری ہو دائم مجھے پیر صوفی
ہو الفت محبت مجھے پیر صوفی
مجھے وصل حق ہو وے قرب حضوری
عنایت ہو نعمت مجھے پیر صوفی

صفائی میرے دلکو دیجے الٰہی
نظر آوے صورت مجھے پیر صوفی
ہو خانہ نشین دل ہو روشن الٰہی
وہ دیدارِ حق ہو مجھے پیر صوفی

ہو روشن اُجالا میرا دل ہو یا رب
رُخِ دید روشن مجھے پیر صوفی
جمالِ مبارک سے برقعہ اُٹھاؤ
ہو رویتِ حاصل مجھے پیر صوفی

میرا آپ کے عشق میں جان نکلے
زین الدین ہی خستہ تصدق تمہارے
خدا سے ملاؤ مجھے پیر صوفی
مدد آپکی ہو مجھے پیر صوفی

تو ہی ہے اللہ تو ہی محمدؐ تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے
تیرا ہی جھگڑا ہے مین و تو کا تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے طالب تو ہی ہے مطلوب تو ہی ہے عاشق تو ہی ہے معشوق
تو ہی ہے معبود تو ہی ہے موجود تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے اسباب تو ہی ہے مقصود تو ہی ہے محبوب تو ہی ہے مرغوب
تو ہی ہے محب تو ہی ہے مرشد تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی عرش پر تو ہی فلک پر تو ہی زمین پہ ہے دار و در میں
تو ہی ہے شاخ و شجر ثمر میں تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے کوہ دشت ذرّہ ذرّہ تو ہی ہے ہر جا مکان مکین میں
تو ہی ہے چمکا مہر و ماہ میں تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے در و دیوار گھر میں تیرا ہی رنگ بو ہے گل چمن میں
تو ہی ہے گلشن پھولا پھلا ہے تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے برزخ تو ہی ہے مظہر تو ہی ہے جان و جسم بدن میں
تو ہی ہے روح جان تن میں تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی تو میں ہوں تو ہی ہے مجھ میں تو ہی عدم سے وجود میں آیا
نقاب رخ پر ہے میم پردہ تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے نام و نشان اسم میں ہوا ہے صورت جسم میں ظاہر
تو ہی ہے آپ مجھ میں آپ ظاہر تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے میرا وہ یار جانی تو ہی سمایا دل و جگر میں
ہے میری آنکھوں میں دل میں ہے دید تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی ہے نقشہ تو ہی نگینہ تو ہی ہے خاتم تو ہی ہے حلقہ
تو ہی ہے مرکز تو ہی ہے احاطہ تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

تو ہی حقیقت ہے آپ مولا تو ہی ہے نورِ ظہورِ مطلق
تو ہی ہے زین الدین آپ بندہ تو ہی ہے کل میں سما رہا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## شجرہ طیبہ قادریہ عالیہ

محمدؐ کی الفت ہو دل کو الٰہی
ہو عشق محمدؐ مجھے یا الٰہی
کرم ہووے مجھ پر علیؓ مرتضیٰ کا
دے عشق علیؓ دل کو میری الٰہی

کریں میری امداد امام حسینؓ
مرا دل ہو شادان ہمیشہ الٰہی
وہ سجاد حضرت زین العابدینؓ
کریں مجھ پہ الطاف کرم یا الٰہی

حمایت کو باقر امام الہدیٰؓ
میرے دل کو روشن کریں یا الٰہی
تصدق سے جعفر و صادق امامؓ
حفاظت ہمیشہ میری کر الٰہی

بحق عنایات کاظم امامؓ
عطا مجھ کو نعمت ہو انکی الٰہی
امام علیؓ موسیٰ رضا
مجھے قرب حق ہووے وصل الٰہی

خدایا رہوں میں خوشی شاد شاد
پئے شیخ معروف کرخی الٰہی
خدایا بحق طفیل سری سقطیؓ
مرادیں میری دل کی دے یا الٰہی

کرم ہو فضل حق طفیل جنیدؓ
دے عشق محبت حضوری الٰہی
طفیل بحق شبلیؓ جناب
ہو دائم فضل حق و رحمت الٰہی

خدایا رہوں نہ سکے دل میں عزیز
عبد الواحد بن عبد العزیز یا الٰہی
خدایا ابی الفرح یوسف مدام
کریں میری امداد ہمیشہ الٰہی

خدایا ابی الحسن ہنکار سے
مجھے عشق احمدؐ عطا ہو الٰہی
خدایا بحق علی بن مبارک
جو مخزومی شاہی کی الفت الٰہی

خدایا مجھے غوث صمدان کی
دے محبوب سبحانی عشق الٰہی
خدایا سہروردی کی خاطر
طفیل بو نجیب عبد قاہر الٰہی

خدایا پئے شیخ عمار یاسر
عطا کر مجھے عشق الفت الٰہی
خدایا مجھے آفتوں سے بچا
طفیل نجم الدین کبریٰ الٰہی

خدایا مجھے مجدد دین کے لئے
تو اب بخش میرے گناہ کو الٰہی
خدایا میرے حال پر کرم کر
بحق علی لعل ایسا یا الٰہی

خدایا مرادیں وہ دیویں دلی
جو ہے احمد جو ذوفانِ الٰہی
خدایا پئے نور دین بالکبیر
رہوں عشق احمدؐ میں دائم الٰہی

خدایا پئے شاہ سمنان کے
خدایا پئے خواجہ اسحاق ختلان
خدایا محمد علی نوربخش
خدایا حسن محمد کے پئے
خدایا لگا پار سیر اسفینہ
خدایا میرے دلکی دیجے مراد
خدایا روا جملہ حاجات ہو
خدایا عنایت ہو اونکی ولی
خدایا عنایت ہو اونکی دلی

علاوالی وولا قطب ذیشان الٰہی
عنایت ہو بندے کو نور الٰہی
میری سب گناہ بخشدی الٰہی
رہوں مست مدہوش عشق الٰہی
قطب شیخ یحیٰ المدینہ الٰہی
نظام الدین زیب اورنگ الٰہی
مدد خواجہ نور محمد الٰہی
جو ہیں پیر حافظ محمد علی
میرے پیر و مرشد صوفی ولی
خدایا زین الدین کو دائم حضوری

خدایا ملے غوث کی دار بانی
خدایا میری دلمیں ہو اسکا نقش
خدایا بحق محمد غیب باش
خدایا میرے دلمیں ہے خوف از حد
خدایا رکھیں لطف ارشاد کے
خدایا بہت جلدی نعمت ملے
خدایا تو کر پار اب میری کشتی
خدایا عنایت ہو اونکی دلی
خدایا مجھے عشق الفت دلی
عنایت ہو امداد جمیع خواجگانکی

پئے شیخ محمود مرشد قان الٰہی
جو سید محمد نوربخش الٰہی
مدد مجھکو پہونچے ہمیشہ الٰہی
ہو بخشش طفیل شیخ محمد الٰہی
کلیم اللہ جہاں آبادی الٰہی
محب النبی فخر دین سے الٰہی
پئے شاہ نوشہ سلیمان الٰہی
میرے پیر خواجہ حبیب علی
ہو حاصل محبت ہو عشق دلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## شجرہ طیبہ چشتیہ بہشتیہ

المدد یا شافع روز جزا
المدد یا حضرت خیر الوریٰ — جان و دل میری تمہارے پر فدا
رحمت عالم محمد مصطفےٰ
السلام ای تاج بخش اولیا

لیجئے میری خبر یا مرتضیٰ
ہو مدد اب یا علیؓ یا ایلیا — ہیں تو گرداب الم میں ہوں پھنسا
کر مدد مجھ پر علیؓ شیر خدا
السلام ای حضرت مشکلکشا

خواجہ یا بادشاہ ذو المنن
بے شبہ ہیں آپ تو پیر کہن — گریہ زاری کرتے ہیں ہم [illegible]
کر عنایت مجھکو حب پنجتن
السلام ای خواجہ بصری حسن

طائر دل دام الفت میں ہے صید
اسلئے کھلتا نہیں ہے دلکا بھید — عالم کثرت کا اب اٹھ جائے قید
رنج و غم میں ہوگیا ہوں سخت قید
السلام ای عبد واحد ابن زید

مدتوں سے بند ہے دلکی بیاض
نو ائسے رونق دے یا مثل ریاض — سر بسجدہ سب ہے یہاں اہل ریاض
کر عطا میری تئیں زہد و ریاض
السلام حضرت فضیل ابن عیاض

مجھکو در پر اپنے تو جلدی بلا
یا اسفا صدحق سے تو میری ولا — دست بستہ عرض کرتا ہوں کھڑا
خواجہ ابراہیم ادہم بادشاہ
السلام ای مقتدائے اولیا

ضعف سے طاری ہے اب مجھپر غشی
اسلئے جی میں نہیں بالکل خوشی — انکے جانب ہو رہی ہے دل کشی
یا سدید الدین حذیفہ مرعشی
السلام اب عشق کی ہو می کشی

خوان نعمت سے ہیں ہو کچھ تو خبر
آپکا ہوں سمجھے مجھکو نہ غیر
تھک گئے ہیں چلتے چلتے اب تو پیر
حضرت خواجہ امین الدین ہبیر
السلام ای عالم ہر طبیر و سبیر

آپکے الفت میں باندھا ہوں کمر
جان و دل در پر تمہارے ہے نظر
اس سوا ہمکو نہیں ہے کوئی در
جلد مطلب میری دل کا لاؤ ہبیر
السلام حضرت علوی دینور

مجھکو اب بالکل نہیں خوف و خطر
محو ہوں اس عشق میں میں سر بسر
یا خدا پہنچا دے اب تو اُن کے در
خواجہ بو اسحاق چشتی نامور
السلام ای چشتیوں کے تاج و سر

دل سے جسنے یاد حضرت کو کیا
محو دریائے محبت ہو گیا
شوق سے اس شعر کو پڑھنے لگا
یا ابو احمد شہ ہر دو سرا
السلام ای چشتیوں کے پیشوا

ہو گا حاصل اب ہمارا مدعا
جائے آنسو آنکھ سے ہی خون بہا
آپکا در ہے ہمیں دار الشفا
حضرت خواجہ محمد رہنما
السلام ای دردمندوں کی دوا

میری کشتی آکے طوفان میں پڑی
اور گردش کھا رہی ہے ہر گھڑی
اب کمک ملتی نہیں اسکو ذری
پار جلدی کیجئے کشتی میری
السلام ای یوسف چشتی سیری

ہیں گدا اس در کے سب اہل بہشت
سجدہ کرتے ہیں یہاں اہل کنشت
حب دنیا کو سمجھتے ہیں وہ زشت
روضہ دل ہو میرا رشک بہشت
السلام ای خواجہ مودود چشت

تازہ ہو جاوے بس اب دل کی خریف
دن بدن ہونے لگی ہے وہ ضعیف
عجز سے کہنے لگا ہے یہ کثیف
رنج و غم سے ہو گیا ہوں میں نحیف
السلام ای پیر حاجی شریف

جب سے الفت آپکی دل میں ٹھنی
جسم ظاہر ہو گیا ہے منحنی
غیر ازیں ایکدم نہیں ہے ایمنی
دو جہان سے کیجئے مجھکو غنی
السلام ای خواجہ عثمان ہرونی

دمبدم اب ہو رہی ہے بیکلی
کیوں نہیں کھلتی ہے میرے دل کی کلی
دو مرادیں تم میرے بہر علیؓ
ہو روا بندے کا مقصود دلی
السلام ای خواجہ ہندالولی

ہے منور کیسی حضرت کی مزار
عمر میں جسنے کہ دیکھی ایکبار
اُسنے نعرہ یہ کیا بے اختیار
خواجہ قطب الدین کاکی بختیار
السلام ای دہلوی قطب مدار

بیقراری ہو گئی ہے اسقدر
آپکے الفت میں ہوں شام و سحر
ابتو رحمت کی کرو مجھ پر نظر
یا فرید الدین یا گنج شکر
السلام اب شاد میری دل کو کر

مضطرب ہوں ابتو حالت ہی تباہ
بار عصیاں سے ہی ایک دفتر سیاہ
آپکے در کی نہیں ملتی ہے راہ
یا نظام الدین محبوب الٰہ
السلام اب رحم کی کیجئے نگاہ

خوب پھولا آج ہے الفت کا باغ
جسکے نکہت سے معطر ہے دماغ
لالہ سا رکھتا ہوں میں سینے پہ داغ
یا نصیر الدین کرو روشن چراغ
السلام اب ہووے تازہ میرا باغ

بادشاہ دین گیا ہے تم کو رب
حور و غلمان کرتے ہیں پاس ادب
آپکے در پر پڑا ہوں روز و شب
یا کمال الدین علامہ لقب
السلام اب دور ہو رنج و تعب

راہ یہاں پاتے نہیں اہل حسد
لاجہد ہے اس جگہ جد و جہد
کہہ زبانسے اپنے لا ولمیں نو کد
یا سراج الدین محبوب صمد
السلام اب کیجیے میری مدد

آپ ہیں میری مددگار و معین
خوف مجھکو دین و دنیا کا نہیں
سچ ہی تو اسمیں نہیں کینہ و کین
حضرت شیخ المشائخ علم دین
السلام اب شاد ہو قلب حزین

سلطنت دارین کی حق نے دیا
ہیں وہ محبوب جناب کبریا
صدق دل سے عرض کرتا ہوں کھڑا
شیخ محمود عرف راجن پیشوا
السلام اب دفع ہو میری بلا

روضہ والا پہ ہو صد مرحبا
جن و انسان و ملک ہیں جبہہ سا
ہے دعا محبوب کی صبح و مسا
شاہ جمال الدین جمن رہنما
السلام اب بخشدے میری خطا

مضطر ہے آپکے در کا غلام
قاصدا جلدی سے پہنچا دے پیام
ورد یہ جاری ہے منہ سے صبح و شام
جب حسن ہے اور محمد نیر انام
السلام اب رحم کر شیخ انام

غیر کی بھی کر رہے ہیں وہ مدد
انکی بخشش کی نہیں ہے کوئی حد
ای شاہ ہر دم بلا ہو میری رد
المدد شیخ محمد المدد
السلام ای مظہر اللہ الصمد

لطف سے بیچارگو نکو لیجیے تھام
ہو عطا ہمکو ذرا الفت کا جام
خیر کیجیے از پئے خیر الانام
رحم کر یا شیخ یحیی ذو الکرام
السلام ای قطب یثرب السلام

شان عالی شان ہے شان علیؓ
کھول دیجیے میری مقصد کی کلی
درد فرقت سے بہت ہے تلملی
شاہ کلیم اللہ جہان آبادی ولی
السلام ای راحت جان علیؓ

کر دیا ہے عالم کثرت نے زشت
ورنہ وحدت سے ہی تھی میری سرشت
اندنوں کملا رہی ہے دل کی کشت
یا نظام الدین ہو تازہ پھر اے کشت
السلام ای زینت اورنگ چشت

عاشقوں کا سیر ہو آہ و فغان
انکے آگے ہیچ ہے باغ جنان
کرتے ہیں نعرہ یہی سب عاشقان
المدد یا فخر دین فخر جہان
السلام ای کاشف اسرار نہان

جب پتہ اس یار کا ہم کو ملا
دلکا عقدہ آن واحد میں کھلا
بات تو سچ ہے نہیں ہے شک ذرا
خواجہ نور محمد با صفا
السلام ای دافع رنج و بلا

یہ در والا عجب ہے بے نظیر
ہاتھ باندھے ہی یہاں اہل بصیر
مبتلا ہیں عشق میں برنا و پیر
تونسوی خواجہ سلیمان دستگیر
السلام ای حضرت روشن ضمیر

آپکے در سے جسے نعمت ملی
اس کرم سے شاد ہے ہر ایک ولی
میری بھی دے دو مرادات دلی
خواجہ حافظ محمد با علی
السلام ہے مجھکو از بس بیکلی

| | | |
|---|---|---|
| نام عالی سبکے والی پنجتن | پہ حبیبِ پاک کا ہے ایک تن | السلام اب دور ہو رنج و محن |
| وہ تمہاری شان ہی شانِ ولی | رحم کر بندہ پہ ای شاہِ زمن | السلام ای پیر صوفی شاہ ولی |
| | یا حبیب اولیا شاہِ دکن | |
| | شاہ ہیں جنکے ہیں یہ نادِ علی | |
| | نام لیتے ہی بلا سر سے ٹلی | |
| | استقامت ہو ہماری یا دلی | |

# شجرۂ شریف منظومہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اول آخر تو ہی ہے | ظاہر و باطن تو ہی ہے | غیب و شہادت وحدت و کثرت | واحد کل ہیں تو ہی ہے |
| کل ہیں یہاں موجود تیری شان ہے | دیر و حرم میں تو ہی ہے | ہر گل رنگ میں ہر جا تو ہی ہے | خوشبو تیری سب تو ہی ہے |
| شکل عرب میں احمدِ مرسل | ختم رسالت تو ہی ہے | صورت حیدر شانِ علیؑ ہو | شاہِ ولایت تو ہی ہے |
| خواجہ حسن بصری کا لباس | پہنکے آیا تو ہی ہے | عبد الواحد ابن زید | شاہِ بصرہ تو ہی ہے |
| خواجہ فضیل بن تو ہی عیاض | مرشد رہبر تو ہی ہے | خواجہ ابراہیم بن ادہم | شاہِ بلخی تو ہی ہے |
| خواجہ سدید الدین بنکر | رہنما حق تو ہی ہے | امین الدین ابی ہبیرہ | مرشد رہبر تو ہی ہے |
| خواجہ علوی دینور بنکر | پیر و مرشد تو ہی ہے | شامی خواجہ ابو اسحاق | چشت کا سرور تو ہی ہے |
| ابو احمد فخر سنافتہ | دین کا رہبر تو ہی ہے | خواجہ محمد شیخ اکبر | فیض کا دریا تو ہی ہے |
| ناصر دین بو یوسف چشتی | نصبِ عالم تو ہی ہے | خواجہ قطب مودود چشتی | کل کا ہادی تو ہی ہے |
| بنکے آیا حاجی شریف | طالب و مطلوب تو ہی ہے | خود ہے تو ہی عثمان ہارون | قطب مکہ تو ہی ہے |
| خود ہے تو ہی خواجہ معین | ہند کا والی تو ہی ہے | شاہ اجمیر دین نبیؐ کا | ڈنکہ بجایا تو ہی ہے |
| خواجہ قطب دہلی کا سرور | بنکر آیا تو ہی ہے | حضرت خواجہ فرید الدین | گنجِ شکر خود تو ہی ہے |
| محبوبِ الٰہی نظام الدین | شیخ المشائخ تو ہی ہے | حضرت خواجہ نصیر الدین | چراغ دہلی تو ہی ہے |
| شیخ کمال الدین علامہ | نور کا دریا تو ہی ہے | خود ہو شیخ سراج الدین | نور تجلی تو ہی ہے |
| علم کا دفتر علم الدین | علمِ خدا خود تو ہی ہے | خود ہے تو ہی محمود راجن | مظہر وحدت تو ہی ہے |
| شیخ اجمال الدین جمن | کل میں یکتا تو ہی ہے | خواجہ حسن محمد چشتی | کل میں ہر روشن تو ہی ہے |
| مظہر ذات شیخ محمد | دونوں جہانمیں تو ہی ہے | تم سے ہدایت کل نے پائی | سب کا مولا تو ہی ہے |
| قطب مدینہ حضرت محی | بنکر آیا تو ہی ہے | حضرت شیخ کلیم اللہ | مرشد دانا تو ہی ہے |
| شیخ نظام الدین اورنگ | دکن کا والی تو ہی ہے | فخرِ جہان ہیں فخر الدین | راز نہاں وہ تو ہی ہے |
| نور محمد چشتی بر حق | راہِ نما خود تو ہی ہے | پیر گلاں وہ تونسہ والے | خواجہ سلیمان تو ہی ہے |
| محمد علیشاہ حافظ پیر | قطب وحدت تو ہی ہے | مرشدِ اکبر خواجہ حبیب | حبیب علیشاہ تو ہی ہے |

| | |
|---|---|
| حیدر آبادی کل کا مولا | مرشد ہمارا تو ہی ہے |
| | زین الدین کو راہ ہدایت |
| عشق دلمیں میری بھر اجاری | دلمیں الفت بھری میری جاری |
| میرے رہنما میرے والی | میری ہادی ہو آپ ای والی |
| راہ حق آپنے دکھایا مجھے | راہ حق کا پتہ بتایا مجھے |
| ہو کرم آپ کا عنایت مجھے | ذات حق میں ملاؤ جلد مجھے |
| جان و دل آپ پر تصدق میری | تمپہ ہر دم فدا ہون جان میری |
| ہون پریشان جان لبپہ ہے میری | لیجے جلدی خبر برائے علیؓ |
| دمبدم آپسے ہے عرض میری | دیجے دلکی مرادیں کل میری |
| | در اقدس دکھا مجھے جلدی |
| | زین الدین آپکا ہے ابن علیؓ |
| جسے عشق صادق ہی مرشد کا اپنے | حقیقت میں انسان کامل وہی ہے |
| ہی دیدار مرشد خدا کا ہی دیدار | رخ نور روشن تجلی خدا ہے |
| اگر ہی طلب حقسے ملنے کی طالب | ہو مرشد کا عاشق یہی مدعا ہے |
| گئے عرش اعلیٰ پہ حضرت محمد | ہی امت کو تحفہ خدا سے ملا ہے |
| یہی کاملو نکو ہے معراج حق سے | فنا ذات حق میں ہو دائم بقا ہے |
| یہی عاشقو نکو ہی عشق خدا کا | ہوا عشق حق سے خدا سے ملا ہے |
| بغیر از عنایات مرشد سوا کچھ | نہیں پیر کامل سوا کچھ نہیں ہے |
| وہی عین حق ہی وہی عین حق ہی | ظہور محمد نبی مصطفےٰ ہے |
| | تصدق سے مرشد حبیب علی کے |
| یا محمد مصطفےٰ ختم النبیؐ | یا حبیب کبریا ختم النبیؐ |
| آپ ہو سالار فخر انبیاء | تاجدار انبیا ہو یا نبیؐ |
| روز محشر میں شفاعت کیجئے | ہے بھروسا آپ کا میرے نبیؐ |
| حل مشکل کیجئے میری حضور | مین بیچارا آپکا ہون یا نبیؐ |
| | آپکے در کے سوا کوئی نہیں |
| | سر کے بل پہنچے مدینہ مین حضور |
| آپکے در کا گدا ہون یا نبیؐ | نام پر ہر دم فدا ہون یا نبیؐ |

| | |
|---|---|
| مرشد حضرت صوفی صاحب | کل میں یکتا تو ہی ہے |
| تو ہی دکھایا تو ہی ہے | |
| شان حق آپکی ہے وہ عالی | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| نور حق نور ہو میری والی | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| جو کہ دینا سو وہ دیتے ہو مجھے | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| قرب حق وصل ہو حضوری مجھے | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| رخ روشن دکھا خدا کے ولی | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| رنج و غم سے بچاؤ ابن علیؓ | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| از طفیل کرم ہو ہندالولی | پیر و مرشد میری حبیب علی |
| اپنے در پر بلا مجھے جلدی | |
| پیر و مرشد میرے حبیب علی | |
| وہ عارف ہی کامل ہمیشہ حضوری | جو عاشق ہی مرشد کا واصل وہی ہے |
| وہ آئینہ رب کا وہی ہے حقیقت | سمایا دو عالم ظہور خدا ہے |
| ہے مرشد کی الفت یہی عین ایمان | یہی اصل ایمان یہی حق یہی ہے |
| یہی عین معراج راز نہان ہے | ہی عشق محمد سے وصل خدا ہے |
| مکان لامکان کی یہی حق ہی منزل | ہی ایک آن میں دم فنا اور بقا ہے |
| اگر پہنچنا اپنے مقصد کو چاہو | ملو پیر کامل سے ملنا خدا ہے |
| فدا جان و دلسے ہو مرشد پہ اپنے | رخ دید مرشد حقیقت خدا ہے |
| وہ ہی شان رحمت مری نور عالم | ہی دونوں جہان خاص نور خدا ہے |
| زین الدین کو صوفی کا دامن ملا ہے | |
| رحمت للعالمین مجھپر رحم | کیجئے مجھپر ترحم یا نبیؐ |
| کیجئے لطف و کرم اپنا رحم | کیجئے میری حفاظت یا نبیؐ |
| ہے وسیلہ آپ کا دائم مجھے | روز و شب ورد و وظیفہ یا نبیؐ |
| سر پہ ہے سایہ تمہارا یا نبیؐ | ہو مجھے دائم حضوری یا نبیؐ |
| آپ میرے آپکا ہون یا نبیؐ | |
| خستہ زین الدین تمہارا یا نبیؐ | |
| مین تصدق جان و دلسے ہون مدام | آپکے قدمونپہ سر ہو یا نبیؐ |

جرم عصیاں میں پھنسا ہوں بے خبر
آپ سوا کون مددگار ہے

آپکے در پر پڑا ہوں یا نبیؐ
آپکے ہے ہجر نے مارا مجھے
کیجئے سیر اب مجھکو وصل سے
عرض میری آپ سی ہے التجا
دل ہمیشہ نور سے پُر نور ہو
شمع وحدت سی میرا دل نور ہو
عشق بوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ

اُس بچاؤ معصیت سے یا نبیؐ
کیجئے میری شفاعت یا نبیؐ
اپنا مدینہ مجھے جلدی دکھا
عشق مجھکو آپ کا ہے یا نبیؐ
بیقراری ہو گئی ہے یا نبیؐ
قرب حق ہو و حضوری یا نبیؐ
آپ کا مجھکو بناؤ یا نبیؐ
دل میں تشریف آپ لاؤ یا نبیؐ
نورِ حق نورِ خدا دل یا نبیؐ
مجھکو الفت ہو عنایت یا نبیؐ
سر جھکا کر سبکو زین الدین سلام

کیجئے امداد میری یا نبیؐ
یا محمدؐ یا محمدؐ دیکھ لو
خستہ زین الدین تمہارا نبیؐ
آپکے فرقت سے اب ہے تلملی
جان بلب ہی ناک میں دم ہی میرے
تھام لو بہر خدا بہر علیؓ
فاطمہؓ حسنینؓ کا صدقہ مجھے
آپ کا گھر خانۂ دل ہو میرا
دل کا آئینہ مصفا نور ہو
نیک توفیق تندرستی دو مجھے
ہو درود ان آلِ اصحابؓ نبیؐ

ہو کرم مجھپر ترحم یا نبیؐ
عاجز و مسکین گدا ہوں یا نبیؐ

بیکلی دل حزن سی ہے یا نبیؐ
کیجئے دل شاد میرا یا نبیؐ
کیجئے امداد میری یا نبیؐ
ہو عطا مجھکو عنایت یا نبیؐ
صورتِ انور دکھاؤ یا نبیؐ
آفتاب دو جہان ہو یا نبیؐ
دے میرے فرزند کو صحت یا نبیؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## اشعار حضرت مولانا عارف باللہ حضرت سیّد حیات رحمۃ اللہ علیہ

رب کو لایق ہے سدا حمد و ثنا
ہی یہ دوسرا باب ہے اسمیں سلوک
نہیں مریدان انکے پہونچے سیر کو
ہے سو چودہ خانوادے چار پیر
باقرؓ و کاظمؓ جنید و بایزید

دے صفائی دل کے تئیں پار بنا
نہیں خدا ان سالکو نکو پیاس بھوک
نہیں گیا سو کیوں لیجاوے غیر کو
راہ انکی خاص ہے یہ بے نظیر
بوحنیفہؒ شافعیؒ مالکؒ سعید
پہلے ہو گے پیر کامل کے مرید
اولیاء کا یہ سلوک خاص ہے

ہیں محمدؐ مصطفےٰ نورِ ظہور
بعضے لوگاں شغل کو کہتے سلوک
صاف سیدھی راہ ہی راہِ علیؓ
مصطفےٰ اسی آجتک ہے یہ سلوک
پائے ہیں اس راہ سی معبود کو
رب کو بوجھے بعد دیکھے اسمیں دید
وہ پہچانے جسکے تئیں اخلاص ہے

نیست عالم ہی سو ہستی خاص نور
راہ نہیں یہ ہی سراپا اسمیں جھوک
جو چلے اس راہ پر ہووے ولی
سب نے پائی حقکو اسمیں نہیں ہے چوک
پائے ہیں اس راہ سی موجود کو

## فضائل بارہ امام رضوان اللہ علیہم اجمعین

اہل بیتِ مصطفےٰ بارہ امامؓ
شان ہیں ہے آئینہ تطہیر حق
ہے علیؓ با بھا الا علیؓ
ہیں ولایت کے ولی حضرت علیؓ

نور دیدہ مصطفےٰ خیر الانام
فاطمہؓ بنتِ نبیؐ خاتون حق
ہیں اخی قاضی ولی دین نبیؐ
دو جہاں کے ہیں وہ سرور متجلی

قرت العینی رسول اللہؐ کے
ہیں علیؓ مشکلکشا شیر خدا
ہے لدنی علم اسرارِ خدا
ابتدا اوّل امام مولا علیؓ

لختِ جان نورِ خدا دلدار کے
جسم و جان ہے مصطفےٰ شیر خدا
تاجدارِ سرورِ کل اولیاء
اہل بیتِ مصطفےٰ رب کے ولی

ہے امام دوئم حسنؓ سیوم حسینؓ
ہفتم موسیٰ کاظمؓ امام نور خدا
دوازدہم حضرت امام مہدی ولی
اہل بیت خاندان مصطفےٰ
عشق اہل البیت میرا یار ہے

ہیں وہ چہارم زین العابدین عینؓ
ہشتم نام علی موسیٰ رضا
جان حیدرؓ فاطمہؓ رب کے ولی
حق ہی راضی انسے وہ حق سے سدا
دو جہاں میں انسے بیڑا پار ہے

پنجم وہ باقرؓ امام ذو المنن
ہے نہم حضرت تقیؓ دہم نقیؓ
ہیں یہ فرزند علیؓ آل النبی
دین انہوں سے ہے قیامت تک چراغ
نور ہے ایمان ہے ایمان ہے

ششم جعفر ہی صادق نور عین
یازدہم حضرت حسن ہی عسکری
سب ہیں محبوب خدا حق کے ولی
آفتاب دین محمدؐ کے چراغ
عشق اہل البیت میری جان ہے

یا الٰہی دے مجھے عشق نبیؐ
جان نکلے عشق جانان میں میری

عشق بوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ
ہی تمنا دل میں زین الدین یہی

## خرقہ خلافت درویشان

جب ہوئی حضرت کے تئیں معراج وہ
فقر کا خرقہ ملا حق سے وہاں
کر دیا سپرد علیؓ کو راز وہ
پائے ہیں حضرت محمدؐ سے علیؓ

عرش اعظم پر گئے لاریب وہ
حق تعالیٰ کا وہ اسرار نہاں
فقر کا خرقہ پہنائے خاص وہ
علم اسرار لدنی ہے علیؓ
اے دل خستہ تو زین الدین مدام

حق تعالیٰ نے دیا اکرام وہ
جب محمدؐ مصطفےٰ نے راز وہ
راز حق راز نہاں مولا علیؓ
ہیں علیؓ سے چار پیر خلفا امام
کر غلامی اہل بیت والسلام

تحفہ امت کو ملا انعام وہ
خاص اہل بیت کو تفویض وہ
خاص اسرار خدا کے ہیں ولی
ہے حشر تک اولیا کا انتظام

## بیعت

عرش پر معراج حضرت کو ہوئی
راہ حق میں دست بیعت ہے یہی
معصیت سے گر کرے توبہ حقیقی

فقر کا خرقہ ملا حق سے وہی
ہے ید اللہ فوق ایدیہم یہی
ہے یہ قول مصطفےٰ رب جلیل
ہے محبت میں خدا کے دل یقین
دست بیعت سے مجھے ہی حاصلی

ہے یہی پیری مریدی مرشدی
ہو محبت میں خدا کے جان نثار
ہی یہ اقرار یقین وہ خاص تر
دست بیعت پیر و مرشد کر یقین
زین الدین وہ راز حق ہی باطنی

راز باطن راز اسرار علیؓ
ہاتھ پر مرشد کے بیعت کر نثار
ہی یہ بیعت حق سے ملنا خاص تر

## چار پیر

ہے محمدؐ مصطفےٰ سے قرب حق
مصطفےٰ سے پائی ہیں مولا علیؓ
حضرت خواجہ حسن بصری ولی
ہیں جہاں میں کل سلاسل اولیا

فقر کا خرقہ ہی معراج وصل حق
ہیں علیؓ سے چار پیر ظاہر ولی
ہیں کمیل ابن زیاد بر حق ولی
کل کے سرور ہیں علیؓ مشکل کشا

ہے خلافت راز باطن سر حق
ہیں حسنؓ سرور حسینؓ ابن علیؓ
ہیں یہ چاروں پیر خلفائے علیؓ
قادری چشتی سلاسل اولیا

ہے ید اللہ فوق ایدیہم بحق
راز حق راز نہاں حق کے ولی
فیض جاری ہی حشر تک معنوی
ہے نجف شاہ شہید کربلا

نا ... بن زید ... ی دین کی

دو جہانمیں اولیا غوث وولی
ہیں حسن بصری کے خلفا اور مرید
دین محمد مصطفےٰ کی پیروی
عشق اونکا نور ہے ایمان ہے

ہیں حسن بصری کے خلفا نامدار
پانچ چشتی نو ہیں قادر خاندان
اہل بیت خاندان مصطفےٰ
اُنسے زین الدین تجھے امداد ہے

ہے حبیب عجمی خدا کے دوستدار
دونوں چودہ خانوادہ بھائی جان
اولیاء اللہ محبوب خدا

# تتمہ بالخیر

انشاء اللہ تعالی اب ہم چار پیر چودہ خانوادہ کا بیان پہلے ظاہر کرتے ہین بعد ازاں فضائل اور مناقب بیان کرینگے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہم صل وسلم و بارک علی سیدنا محمد و علیؓ و فاطمہؓ حسنؓ حسینؓ صلوٰت اللہ و سلامہ علیہ و آلہ و اصحابہ اجمعین سیدنا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سیدنا حضرت علیؓ کو خرقہ فقریہ عطا کیا حضرت علیؓ نے حضرت سیدنا امام حسنؓ اور سیدنا حضرت امام حسینؓ اور حضرت خواجہ حسن بصری اور حضرت خواجہ کمیل بن زیاد رضی اللہ عنہم انھیں چاروں کو تعلیم و ارشاد کیا حضرت خواجہ حسن بصری نے خواجہ عبدالواحد بن زید اور حضرت خواجہ حبیب عجمی رضی اللہ عنہما کو مرید بنایا خرقہ خلافت عطا ہوا یہ دونوں خانوادہ یعنے چشتیہ اور قادری خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے حبیب عجمی کو خلافت اور عبدالواحد بن زید کو خلافت حسن بصری کے خلیفے دونوں ہیں زیدیہ خانوادہ چشتیامیں پانچ خانوادہ اور خواجہ حبیب عجمی سے قادریہ میں خانوادہ نو دونوں ملکے چودہ خانوادے مشہور ہیں۔ پہلے قادریہ میں نو خانوادہ بیان کرتا ہون حبیب عجمی کے مرید و خلیفہ شیخ داؤد طائی رح ہیں۔ شیخ داؤد طائی کے مرید و خلیفہ شیخ معروف کرخی رح کرخیان خانوادہ دوسرا ہے شیخ معروف کرخی کے مرید اور خلیفہ حضرت سری سقطی رح ہیں۔ سقطیہ خانوادہ تیسرا ہے اور سری سقطی رح کے مرید اور خلیفہ خواجہ جنید رحمۃ اللہ علیہ ہیں جنیدیہ خانوادہ چوتھا ہے جنید رحمۃ اللہ علیہ کے مرید و خلیفہ شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ ہیں شبلیہ خانوادہ پانچواں ہے۔ حضرت شیخ شبلی کے مرید اور خلیفہ حضرت شیخ طرطوسی رح ہیں۔ شیخ طرطوسی رح کے مرید و خلیفہ ابو الفضل عبدالواحد تمیمی رحمۃ اللہ علیہ ہیں ابو الفضل عبدالواحد تمیمی کے تمیمیہ خانوادہ چھٹا ہے اونکے مرید و خلیفہ شیخ ابو الحسن ہنکاری رحمۃ اللہ علیہ ہیں ہنکاریہ خانوادہ ساتواں ہے۔ اونکے مرید اور خلیفہ شیخ ابو سعید ابو الخیر مخزومی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ مخزومیہ خانوادہ آٹھواں ہے۔ اُنسے خرقہ خلافت پائے حضرت محبوب سبحانی معشوق یزدانی غوث الاعظم میراں محی الدین شیخ سید عبدالقادر جیلانی حسن الحسینی بغدادی رضی اللہ عنہ قادریہ خانوادہ نو ہیں یہاں تک پورے ہوئے اب چشتیامیں پانچ خانوادہ سے پہلا خانوادہ زیدیہ ہے۔ حضرت عبدالواحد ابن زید سے اُنکے مرید اور خلیفہ حضرت خواجہ فضیل ابن عیاضؒ ہیں عیاضیہ خانوادہ دوسرا ہے۔ اونکے مرید اور خلیفہ خواجہ ابراہیم ابن ادھم بلخی رحمۃ اللہ علیہ ہیں ادھمیہ خانوادہ تیسرا ہے۔ اونکے مرید اور خلیفہ خواجہ سدید الدین حذیفۃ المرعشی ہیں انکے مرید اور

خلیفہ حضرت خواجہ امین الدین ابی ہبیرۃ البصری ہیں ہبیریہ خانوادہ چوتھا ہے۔ اونکے مرید اور
دینور ہیں اونکے مرید اور خلیفہ حضرت سرور سرہ داحد چشتیان خواجہ ابو اسحاق شامی چشتی رح
پانچ چشتیہ یہاں تک خانوادہ چودہ دونوں سلسلہ کے اسی طرح بیان کیے ہوئے یاد رکھنا ضرور
چار پیر چودہ خانوادہ کے گھر سے اولیاء اللہ جیسا غوث قطب افراد ہوتے چلے آتے ہیں قیامت تک
دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آفتاب چراغ نور ایمان ہے۔ اور جتنے کل سلاسل جہان میں فقری
انھیں سے ہیں۔ یعنے قادری اور چشتی دونوں سلسلے میں کل سلسلے کے اولیاء اللہ کے خانوادے اس
ہیں۔ یا الٰہی ای رب ہمارے روشن کردے دلوں کو اور عشق محبت دے ہم کو انھیں جمیع حضرات کی الفت
عشق دولت نعمت نصیب کر یا اللہ تیری قربت حضوری دیدار ہم کو نصیب کر اور تیرے پیارے حبیب
معشوق محبوب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی رویت قربت حضوری دائم دیدار
مجھکو میری اولاد کو میرے گھر والوں کو وسیلہ مدد ان سے پہنچے ہمیشہ سے ہمیشہ تک اور انھیں سے
ہمارے دلوں پر عشق محبت غالب کر۔

اب جاننا چاہیئے کہ معلوم ہووے مفصل ظاہر خلاصہ پھر بھی ہم ذیل میں لکھدیتے ہیں ج
چودہ خانوادہ خاندان نبوۃ اہل البیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سب گھر والے ہیں
صلی اللہ علیہ وسلم سے سیدنا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خرقہ نقریہ خلافت پہنچی حضرت علی
حسنؓ اور سیدنا حسینؓ اور حضرت حسن بصریؒ حضرت کمیل بن زیاد رضی اللہ عنہم کو خرقہ و خلافت
حسن بصریؒ کے مرید اور خلیفہ خواجہ حبیب عجمی اور خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ ہیں۔

## قادریہ خانوادہ نو ہیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | خانوادہ حبیبیہ | حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ |
| ۲ | کرخیان | معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ |
| ۳ | سقطیہ | سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ |
| ۴ | جنیدیہ | جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ |
| ۵ | شبلیہ | شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ |
| ۶ | تمیمیہ | ابو الفضل عبدالواحد تمیمیؒ سے ہے |
| ۷ | ہنکاریہ | ابوالحسن ہنکاری رحمۃ اللہ علیہ سے ہے |
| ۸ | مخزومیہ | ابو سعید ابوالخیر مخزومیؒ سے ہے |
| ۹ | قادریہ | محبوب سبحانی عبدالقادر جیلانیؒ سے ہے۔ |